راول پکچرز کا

ادا کاران
ویجنتی مالا ۔ شمی کپور
ادم

قیمت ۱/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

کالج گرل کے گانے

۱ سہ

ہپ ہپ ہورے ہپ ہپ ہورے
اپنا ایک اور اُن کے گیارہ
پھر بھی چھ چھ گول سے مارا
ی کھیل ہو کوئی گیم ہو سب سے آگے ہم
ے کمر باندھ کے آئے سامنے جس میں بھی ہو دم
ے ہے کوئی ہپ ہپ ——
بڑے آئے تھے بن کے سورما آنکھ میں گجرا ڈال
ی شان سے بکھرا کر آئے ہر لمبے بال
او شمیم ہپ ہپ ——
کھیل جیتنا کام مرد کا بزدل ہارے ٹھ
ے لئے جاؤ چوڑیاں پہن کے بیٹھو گھر
چلتے ہو ہپ ہپ ——

۲ سہ: کیا حسینوں کا دل نہیں ہوتا
کیا حسینوں کو پیار نہیں ہوتا
یہ جھوٹ ہے سراسر بناوٹ بناوٹ
یہ بھی ہوتے ہیں عشق کے بیمار
دھڑکتا ہے دل، مچلتا ہے دل
یہ پھر بھی نہ منہ سے مانیں

یہ دیکھیں اُدھر ہشارے اِدھر
ہم ان کی نظر پہچانیں، کیا بیقرار یہ نہیں ہو۔
چھپ چھپ یہ نہیں رو لے
یہ جھوٹ ہے سراسر بناوٹ بناوٹ
یہ بھی ہوتے ہیں عشق کے بیمار
سمجھتے ہیں ہم سب ان کے ستم
یہ توڑتے ہیں دل شرما کے
کبھی ہے جلوہ کبھی ہے پردہ
یہ ہوتے ہیں خوش تڑپا کے
کیا ان کو خواب نہیں آتے تنہائی میں یہ نہیں گھبرا۔
یہ جھوٹ ہے سراسر بناوٹ بناوٹ
یہ بھی ہوتے ہیں عشق کے بیمار
جانے بھی دو یہ جھوٹی اکڑ اب ہم کو اپنا بنا لو
اجی مڑ کے دیکھ، اجی بڑھ کے ذرا پیار سے ہاتھ بڑھا
کیا تم سے قصور نہیں ہوتا کیا دل مجبور نہیں ہوتا
یہ جھوٹ ہے سراسر بناوٹ بناوٹ
یہ بھی ہوتے ہیں عشق کے بیمار

نمبر ۳
لڑکا: ——
پیلا پیلا پیار کا اشارہ کبھو جی دیکھا ہے کبھی
دل لٹنے کا یہ نظارہ کبھو جی دیکھا ہے دیکھا ہے
لڑکی: چاند کے پہلو میں تارا کبھو جی دیکھا ہے دیکھا ہے

اپنے سینے میں دِل ہمارا کبھو جی دیکھا ہے کبھی

لڑکا:۔ دِل کا کام دھڑکنا ہے یہ یُوں تو روز دھڑکتا ہے
گے وہ دھڑکن جس دِن شعلہ پیار کا دِل میں بھڑکتا ہے
بس نہ چلے تو دِل یہ کہئے، ہم ہارا ہمیں ہارا، ہمیں ہارا

لڑکی:۔ پیار تو ایک بہتی ندیا ہے
اس کو کون بھلا روکے
راز یہ سمجھے تو وہی سمجھے، بیٹھا ہو جو دِل کھو کے
یہ دِل تو ہمارا ہے، کب سے تمہارا
تمہارا.... تمہارا.... تمہارا

لڑکا:۔ دھیرے دھیرے بات کرو یہ شوخ ہوائیں سن لیں گی
بن چمن میں کلی کلی سے راز ہمارا کہہ دیں گی
گھر گھر سے گا بھنورا ابھی سے چرچا
ہمارا.... ہمارا.... ہمارا

نغمہ

لڑکا:۔
ہم اور تم اور یہ سماں، تولی تولی تولی
چھیڑ کوئی داستاں، تولی تولی تولی
من میں اُمنگیں اُٹھتی، ترنگیں لے رہی ہیں کروٹیں

لڑکی:۔ جانے کہاں سے آج اِدھر ہی آ رہی ہیں آہٹیں

لڑکا:۔ آج بدلتا ہے جہاں، تولی تولی تولی
چھیڑ کوئی داستاں، تولی تولی تولی

لڑکا:۔ رات کا راہی چاند چلا ہے کسی صبح کی کھوج میں

لڑکی:۔ ہم تم آئے آج یہاں پر جس منزل کی کھوج میں
اُلفت کا ہے کارواں، نئی نئی نئی
چھیڑ کوئی داستان ——

لڑکا:۔ دیکھے جو دُنیا آج نہ آنا تو ہماری راہ میں
یاد آئیں گے، مٹ جائیں گے جب کسی کی چاہ میں
دوہرائے گا سارا جہاں نئی نئی نئی
چھیڑ کوئی داستان ——

نمبر ۵ لڑکا:۔ یہ کالج کا زمانہ یہ ہنسنا ہنسنا
یہ بنانا بنانا۔ بنانا بنانا
یہ دن زندگی کے عجب بیخودی کے
کسی کے آگے جانا کسی کے پیچھے آنا
کتاب کا گرانا، یہ دن دل لگی کے سہارے زندگی کے
صبح سویرے سائیکل کی قطاریں
غنچوں کی اور کلیوں کی تکراریں
دوپٹوں کے نظارے، رومالوں سے اشارے
یہ ہی تو ہے، یہ ہی تو ہے، دن ہمارے

لڑکی:۔ آتے جاتے آپس میں ٹکرانا
ساری کہہ کے پھر آگے بڑھ جانا
نہ ماتھے پہ پسینہ نہ دل میں کوئی کینہ

لڑکا:۔ یہ ہی تو ہے، یہ ہی تو ہے پیارے جینا
کھیلوں کے میدان میں ہیرو لڑکے

لڑکی:۔ ہر ٹر بجنے میں بیچاروں کا دِل دھڑکے

جب لڑکی اول آئے لیبنر چھوٹا جائے

کہو تو جی کہو تو جی کہاں سے ہیرو آئے

نمبر ۶:۔ بابل ہم تورے انگنا کی چڑیاں

دو دِن یہاں سو دِن گھر پرائے

بچپن بیتا تیرے پیار کی چھاؤں میں

لے کے جوانی چلی جانے کس گاؤں میں

ہم تو جنم ہی سے دھن ہیں پرایا

کب تک تو بھی ہمیں گھر پہ بٹھائے

گڑیوں کے کھیل سے یا سکھیوں کا شور تھا

آنکھ مچولی کا زمانہ کچھ اور تھا

ہاتھ پکڑ کے میرا پوچھے وہ گڑیا

بول چلی ہے کہاں انکھیاں چرائے

گود میں تیری سنی جتنی کہانیاں

بن کے رہیں گی دِل میں تیری نشانیاں

لے کے چلے ہیں مجھے دور کہیں اب

چار کہار میری ڈولیا اٹھائے

نمبر ۷ لڑکا:۔ چلی ہو کہاں دیکھو اِدھر

ہم بھی کرتے ہیں پیار سمجھ میں آیا

لڑکی:۔ دیکھو نہ تم ایسی نظر سے

دِل پہ ہوتا ہے وار سمجھ میں آیا

لڑکا: لگتے ہیں ہم تم کو بُرے تمہاری خوشی ہم تو چلے
لڑکی: ہم نے بھلا کب یہ کہا ہم ہی بُرے تم ہو بھلے
لڑکا: پھر سے کہو پھر سے کہو پھر سے کہو
ہم بھی مرتے ہیں صنم پیار سمجھ میں آیا
لڑکی: تم ہو عجب غضب ہو غضب
بڑے منچلے بڑے جادوگر
لڑکا: سمجھتی ہو کیا اپنے کو تم
کچھ کم نہیں تمہاری نظر
لڑکی: یوں نہ کہو یوں نہ کہو یوں نہ کہو
دِل پہ ہوتا ہے وار سمجھ میں آیا

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور ٹیکنگ

دستکار اور مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	دستکر ماڈرن	6/-/-
موٹر گائڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
ورکشاپ گائڈ	3/-/-	خراد شکشا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائڈ	5/-/-
مرگنگارم پاکٹ بک	12/-/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-	منریکچر گائڈ	4/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	خنری پیمائش چوب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	تمباکو کی دکان	2/-/-
گھڑی سازی	2/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
صابون سازی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
شیشہ سازی	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
خوبصورت بیلو	1/8/-	مکمل مرغی خانہ ہر حصہ	6/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	سنیما مشین آپریٹر	4/-/-
باورچی خانہ	2/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

دالہ ادبی پریس دہلی